تحریک کے شہداء کی قربانیوں کوکبھی فراموش نہیں کریں گے،الطاف حسین

لندن۔۔۔30،اکتوبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم تحریک کے شہداء کی قربانیوں کوکبھی فراموش نہیں کرے گی اورحق پرست شہداء کے مقدس لہو کے صدقے حق پرستی کی جدوجہد کامیابی سے ضرور ہمکنار ہوگی۔سانحہ سہراب گوٹھ،31اکتوبر1986ء کے شہداء کی 21ویں برسی کے موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے سانحہ سہراب گوٹھ کے شہداء سمیت تمام شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ جوقوم اپنے حقوق کی جدوجہد میں ہرقسم کی قربانی دینے کیلئے ذہنی وجسمانی طور پرتیار ہواس قوم کودنیا کی کوئی طاقت ختم نہیں کرسکتی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے شہداء نے حق پرستی کے فکروفلسفہ اورنظریہ کی بقاء کی خاطر اپنی جانوں کوقربان کردیالیکن ظالم قوتوں کے آگے اپنا سرنہیں جھکایا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم،حق پرست شہداء کی قربانیوں کوکبھی فراموش نہیں کرے گی اورشہداء کے مقدس لہو کے صدقے حق پرستی کی جدوجہد کامیابی سے ضرور ہمکنار ہوگی۔انہوں نے مزید کہا کہ یہ حق پرست شہداء کی لازوال قربانیوں کانتیجہ ہے کہ آج ایم کیوایم کاپیغام حق نہ صرف کراچی سے کشمور بلکہ صوبہ پنجاب،سرحد،بلوچستان اورآزادکشمیر تک پھیل چکا ہے اورملک بھر کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے حق پرست نمائندگان،ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اورکارکنان کوہدایت کی کہ وہ تحریک کے شہداء کوہمیشہ یادرکھیں،ان کے لواحقین کی خبرگیری کریں اورتحریک کے نظریئے کی بقاء کی خاطر ہرقسم کی قربانی دینے کیلئے تیاررہیں۔جناب الطاف حسین نے سانحہ سہراب گوٹھ کے شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سانحہ سہراب گوٹھ کے شہداء سمیت تمام شہداء کے درجات بلندفرمائے،انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اورسوگوارلواحقین کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

منتخب نمائندگان عوامی مسائل کے حل بھرپورکرداراداکریں،عبدالحسیب

کراچی۔۔۔30/اکتوبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب نے کہا ہے کہ عوامی مسائل کاحل ایم کیوایم کی بنیادی ترجیح ہے لہٰذاحق پرست نمائندے عوامی مسائل کے حل کیلئے بھرپورکرداراداکریں۔یہ بات انہوں نے منگل کے روزایم کیوایم کے مرکز نائن زیروعزیزآباد سے متصل خورشیدبیگم میموریل ہال میں حق پرست نمائندگان،مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران اورکارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پررابطہ کمیٹی پاکستان انچارج انورعالم،رابطہ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹرنصرت،شکیل عمر،نیک محمد،آنسہ ممتازانوار اورمحترمہ خورشیدافسر بھی موجودتھیں۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عبدالحسیب نے کہا کہ ایم کیوایم،ملک کے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف ہے اور ملک میں صحیح معنوں میں جمہوریت کے نفاذ کیلئے جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ تحریکی کارکنان پرلازم ہے کہ وہ ملک کی سیاسی صورتحال پرنظررکھیں اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کے بیانات کابغورمطالعہ کریں۔انہوں نے حق پرست ٹاؤن ناظمین،نائب ٹاؤن ناظمین اوریوسی ناظمین،نائب ناظمین اورکونسلرز کوہدایت کی وہ عوامی مسائل کے حل میں کسی بھی قسم کی کوتاہی نہ برتیں،اپنے اپنے حلقہ انتخاب میں صحت وصفائی کے انتظامات کوبہتر سے بہتر بنائیں اورعوامی مسائل کے حل کیلئے بھرپورکوششیں کریں۔

کراچی کنٹونمنٹ میں عوامی مسائل ترجیحی بنیادوں پرحل کئے جائیں،حق پرست ارکان اسمبلی

کراچی۔۔۔30/اکتوبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی کیپٹن(ر)اخلاق حسین اوررکن سندھ اسمبلی اختربلگرامی نے گزشتہ روزکراچی کنٹونمنٹ بورڈ کے ایگزیکٹیوافسرنعیم جان سے ان کے دفترمیں ملاقات کی اورانہیں کراچی کنٹونمنٹ میں بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی کے باعث عوامی مشکلات سے آگاہ کرتے ہوئے زوردیا کہ عوامی مسائل ترجیحی بنیادوں پرحل کئے جائیں۔حق پرست ارکان نے نعیم جان سے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ کنٹونمنٹ بورڈ میں گزشتہ 8برسوں سے من پسندافرادکونوازجارہاہے اوریہاں کونسلر کے الیکشن بھی نہیں کروائے جارہے ہیں جس کے باعث کنٹونمنٹ کے رہائشی عوام کواپنے مسائل کے حل کے سلسلے میں شدیدپریشانیوں کاسامنا کرناپڑرہاہے۔انہوں نے نعیم جان کی توجہ علاقہ میں نکاسی وفراہمی آب اورصفائی ستھرائی کے ناقص نظام،اہم شاہراہوں اورچوراہوں پراسٹریٹ لائٹس کی خرابی کی جانب دلاتے ہوئے کہا کہ ان مسائل کے حل پرفوری توجہ دی جائے۔انہوں نے مزیدکہا کہ مسلم کالونی میں انڈرگراونڈٹینک کی رینویشن،نئی پمپنگ موٹرکی تنصیب،بزرٹالائن میں پارک بنانے کے ساتھ کمیونٹی سینٹرکی بالائی منزل کی تعمیراورنئی جدیدمشینری خریدی جائے تاکہ عوام کوبنیادی سہولیات میسرآسکیں۔اس موقع پرنعیم جان نے حق پرست نمائندوں کی جانب سے پیش کی جانے والی شکایات وسفارشات کوغورسے سنااورعوامی مسائل کے حل کیلئے ہرممکن تعاون کایقین دلایا۔

☆☆☆☆☆